کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

اظہار دلچسپی

Expression of Interest (EOI) for outsourcing of Commercial Building (Grey Structure), Svy No. 9-A, G.T Road, Nowshera Cantt.

کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی نئی تعمیر شدہ کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر) کے حقوق کرایہ داری جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر کرایہ پر دینے کیلئے اظہار دلچسپی کے درخواستیں مطلوب ہیں۔ مذکورہ کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر) کے آوٹ سورسنگ کے لئے خواہشمند افراد / فرمز / کمپنیاں / بنکس / سکولز / میڈیکل سینٹر مالکان / ہسپتال وغیرہ سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ موصول شدہ درخواستوں کی جانچ پڑتال اور انتخاب پیپرا رولز (PPRA Rules) (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) اور پاکستان کنٹونمنٹ پراپرٹی رولز 1957 اور اس کے تحت بنائے گئے ترمیم شدہ گائیڈلائنز 2024 کے تحت کیا جائے گا۔ بلڈنگ کے تفصیل اور شرائط درج ذیل ہیں۔

بلڈنگ	تفصیل	کورڈ ایریا (sft)	مقصد برائے رینٹ	مقررہ کرایہ برائے 05 سال
کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر)	گراونڈ فلور، 1st فلور 2nd فلور 3rd فلور	44143 8.72 کنال	کمرشل پلازہ (برائے فرمز / کمپنیاں / بنکس / سکولز / میڈیکل سینٹر مالکان / ہسپتال وغیرہ)	7,32,61,200/-

شرائط:-

1- موصول شدہ اظہار دلچسپی کی درخواستوں کو مورخہ 25.05.2026 اور متبادل تاریخ 26.05.2026 دوپہر 02 بجے کھولا جائے گا۔ صرف وہ شخص / فرم جس نے پروپوزل کے ساتھ CDR مبلغ 30 لاکھ روپے بحق کنٹونمنٹ بورڈ آفیسر اور قومی شناختی کارڈ، بمع (Income Tax Filer Certificate/ FBR) جمع کروایا ہوگا وہی بولی میں حصہ لے سکے گا۔

2- ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

3- گرے سٹرکچر کو کرایہ دار بورڈ کی اجازت سے ڈیزائن اور کوالٹی کے مطابق PEC کے منظور شدہ انجنیئر سے تیار کروائے گا۔

4- گرے سٹرکچر کو تیار کرنے کیلئے 09 ماہ کا گریس ٹائم دیا جائے گا اور اگر پروپوزل دہندہ 09 ماہ کے مدت میں بلڈنگ Furnished نہیں کرتا تو بھی ماہانہ کرایہ وصول کیا جائے گا۔

5- نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی اور ماہانہ کرایہ میں ہر سال 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ کرایہ داری حقوق میں 02 دفعہ توسیع 05، 05 سال کیلئے ہوگی جس میں پہلی توسیع پر اس وقت کے ماہانہ کرایہ پر 25٪ فیصد اضافہ کیا جائے گا۔ جبکہ دوسری توسیع پر 30٪ اضافہ کیا جائے گا اور اس کے علاوہ 10٪ سالانہ اضافہ بھی کیا جائے گا۔ جس پر کرایہ دار کو اعتراض کا حق حاصل نہ ہو گا۔

6- 15 سال کرایہ داری مدت کے اختتام پر سٹرکچر بورڈ کی ملکیت ہو گا اور بورڈ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ 02 دفعہ توسیع کے بعد کرایہ داری حقوق میں اس وقت کے افراط زر کے مطابق توسیع کرے یا کرایہ داری حقوق کمرشل بلڈنگ دوبارہ نیلام کرے۔

7- اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے پروپوزل دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام پروپوزل ہندہ گان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

8- قبضہ گرے سٹرکچر کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد اور 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور 06 ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زربیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائی گی اور گرے سٹرکچر دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر پروپوزل دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہو گا۔

9- کامیاب پروپوزل دہندہ کا کال ڈیپازٹ دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ بطور ضمانت کرایہ داری معاہدہ کی تکمیل تک جمع رہے گا۔

10- کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

11- کامیاب پروپوزل دہندہ گرے سٹرکچر کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق ٹرانسفر نہیں کر سکتا ہے۔

12- کامیاب پروپوزل دہندہ حکومت کے مجوزہ قانون کے مطابق ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

13- کامیاب پروپوزل دہندہ اپنے گرے سٹرکچر کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہو گا۔

14- زیر دستخطی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر پروپوزل کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

15- کامیاب پروپوزل دہندہ گرے سٹرکچر کی مرمت اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کی منظوری سے کروائے گا ہر قسم کی صفائی و ستھرائی کی ذمہ داری کامیاب پروپوزل دہندہ کی ہو گی۔ کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت گرے سٹرکچر کا معائنہ کر سکتا ہے۔

16- کرایہ دار / پروپوزل دہندہ جس حصول کیلئے گرے سٹرکچر لے گا اسی مقصد کیلئے استعمال کرے گا۔

17- کنٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس پشاور ثالث تصور ہو گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔

18- دیگر شرائط گرے سٹرکچر سائز و نقشہ دفتری اوقات میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

19- مذکورہ بالا کمرشل بلڈنگ (گرے سٹرکچر) کے EOI کاغذات اور تفصیل کینٹ بورڈ نوشہرہ کے ویب سائٹ https://nowshera.cantonment.gov.pk سے ڈاون لوڈ کیے جاسکتے ہے۔

المشتہر:

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ
0923- 9220089

CamScanner